اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان

نوٹس نیلامی برائے کمرشل پلاٹ نزد سپورٹس کمپلکس نوشہرہ روڈ بلمقابل شیخ ملتون ٹاؤن مردان

اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان میں نوشہرہ روڈ نزد مردان سپورٹس کمپلکس بلمقابل شیخ ملتون ٹاؤن مردان برائے مارکی/شادی ہال/ہوٹل اور ریسٹورنٹ عرصہ (10) دس سال کیلئے پر آئسم (ناقابل واپسی) اور ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر بذریعہ کھلی بولی/نیلامی کرنا چاہتی ہے۔ نیلامی میں حصہ لینے کیلئے بیس لاکھ (2,000,000/-) روپے کال ڈیپازٹ/بنک ڈرافٹ بنام ڈائریکٹر اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان جمع کرانا ہونگے جو کہ ناکام بولی دہندہ کو نیلامی کے بعد واپس کئے جائیں گے۔ کال ڈپوزٹ کی اجراء مردان کے بنکوں سے ہونا ضروری ہے۔ نیلامی بمقام اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان میں بمورخہ 20 جون 2024 بوقت دن 11 بجے منعقد ہوگی۔ اشتہار ہذا محکمہ اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان کی ویب سائٹ (http://mda.gkp.pk) اور KPPRA سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے جس کی تفصیل درجہ ذیل ہیں۔

فیسک کی تفصیل	زر بیعانہ	سرکاری بولی (پریمیم)	ماہوار کرایہ
11 کنال کمرشل پلاٹ مین NCC روڈ نزد سپورٹس کمپلکس بلمقابل شیخ ملتون ٹاؤن مردان	Rs. 20,00,000/-	Rs. 1,00,00,000/- ایک کروڑ روپے	Rs. 225000/-

<u>جیدہ جیدہ شرائط نیلامی۔</u>

1) ہر اس شخص/یا مختیار خاص/نمائندے کو نیلامی میں حصہ لینے کا حق ہوگا جو کہ اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان سے بلیک لسٹ یا بقایادار نہ ہونے ہی دفتر ہذا کے ساتھ کسی عدالتی مقدمہ میں ملوث رہا ہو اور جس نے مندرجہ بالا زر بعانہ بطور زر ضمانت قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ بنام ڈائریکٹر اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان جمع کرائے ہوں۔ بصورت دیگر نیلامی میں شرکت نہ ہوگی

2) لیز/کرایہ داری کی مدت/میعاد عرصہ صرف دس (10) سال ہوگی اور بعد میعاد عرصہ دس (10) سال کرایہ داری ہذا کسی عذر قبضہ و دخل واپس محکمہ UADA کو حوالہ کرنے کا پابند ہوگا۔

3) خواہشمند حضرات نیلامی میں حصہ لینے کیلئے زر ضمانت مبلغ (20) لاکھ روپے بصورت بینک ڈرافٹ/کال ڈیپازٹ/پے آرڈر بنام ڈائریکٹر اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان نیلامی سے ایک دن قبل بمع ٹیکنیکل پروپوزل اور قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دفتری اوقات کار میں جمع کرنا ہوگی بصورت دیگر انہیں نیلامی میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی ناکام بولی دہندہ گان کو نیلامی کی تکمیل کے بعد جمع شدہ زر ضمانت واپس کردی جائے گی۔

4) کامیاب بولی دہندہ بولی کی ایک چوتھائی رقم 25% نیلامی کے سات دن کے اندر اندر ڈائریکٹر اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان کے نام پر جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں جمع شدہ رقم زر ضمانت بحق اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان ضبط ہوگی۔

5) کامیاب بولی دہندہ UADA مردان بولی کی 25% رقم کی وصولی پر ایک ہفتہ کے اندر اندر الاٹمنٹ آرڈر جاری کرے گی جسکی رو سے کامیاب بولی دہندہ کو بقایا رقم 75% بمع تمام ٹیکسز کی ایک ماہ کے اندر اندر جمع کرانا ہوگی۔

6) اگر کامیاب بولی دہندہ مقررہ تاریخ یعنی ایک ماہ کے اندر اندر بقایا 75% رقم جمع کرنے میں ناکام ہوا تو ایک فیصد سرچارج فی یوم کے حساب سے جمع شدہ رقم پر وصول کیا جائے گا۔

7) اگر کامیاب بولی دہندہ 90 دن تک بقایا رقم بمع سرچارج جرمانہ جمع کرنے میں ناکام ہوا تو بولی منسوخ تصور ہوگی اس کے ساتھ ساتھ جمع شدہ سیکورٹی اور 25% رقم ضبط تصور ہوگی۔

8) اگر نیلامی کسی معقول وجہ کی بنا پر نہ ہوسکی تو اگلے دفتری دن اسی وقت پر دوبارہ منعقد ہوگی۔

9) کامیاب بولی دہندہ بولی کی رقم کے علاوہ ہر قسم ٹیکسز متعلقہ محکمہ کو براہ راست جمع کرنا ہوگی ناکامی کی صورت میں بولی منسوخ تصور ہوگی۔

10) اگر کوئی شخص ایک دوسرے کیلئے بولی کا خواہشمند ہو تو ان کیلئے مصدقہ مختیار نامہ/اتھارٹی لیٹر نیلامی سے قبل پیش کرنا لازمی ہوگا۔

11) کامیاب بولی دہندہ الاٹی UADA مردان کی رولز ریگولیشن bye laws/اور جاری کئے گئے احکامات کی مکمل پاسداری کا پابند ہوگا۔

12) کامیاب بولی دہندہ/الاٹی محکمہ ریلوے یا کسی دوسری ادارے سے ریلوے پھاٹک پر راستہ یا NOC لینے کا خود ذمہ دار ہوگا۔

13) دیگر تفصیلات و شرائط نیلامی بعوض مبلغ -/3000 روپے (ناقابل واپسی) کسی بھی دفتری اوقات کار کے دوران اکاونٹس آفسر اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی مردان سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ مزید معلومات کیلئے ہاوسنگ آفسر کے ساتھ رجوع کریں۔

ڈائریکٹر،
اربن ایریا ڈیولپمنٹ اتھارٹی
مردان

Scanned with CamScanner